اطلاع نامہ (نیوز ریلیز)

براہ راست شمولیت کے ساتھ (ہینڈز آن) سیکھنے کے لیے مزید رقم

28 مارچ، 2025 میڈیا کے استفسارات

البرٹا کی حکومت طلباء کی آج کی مہارتوں اور دلچسپیوں کو دریافت کرنے میں مدد کر رہی ہے، تاکہ کل کے لیے کیریر تلاش کرنے میں ان کی مدد کی جا سکے۔

اگر منظور ہو جاتا ہے تو، بجٹ 2025 اسکول بورڈز کو کیریئر سے متعلق تعلیم کو بڑھانے کے لیے تین سالوں کے دورانیے میں 100 ملین ڈالر سے زیادہ فنڈنگ فراہم کرے گا، بشمول البرٹا بھر میں مزید کالجیٹ اور دوہری کریڈٹ پروگرامز کے لیے فنڈنگ۔

"ہم کام پر مرکوز تعلیم کو مظبوط بنا کر، طلباء کو کامیابی کے لیے تیار کرنے کے لیے محنت کر رہے ہیں۔ یہ رقم اسکولوں کو کاروبار، یونیورسیٹیز اور کالجز کے ساتھ شراکت داری میں ایسے پروگرامز بنانے میں مدد فراہم کرتی ہے، جو طلباء کو فارغ التحصیل ہونے کے بعد کامیابی کے ساتھ میدان میں اترنے میں مدد فراہم کریں گے۔"

ڈیمیٹریوس نکولیڈس (Demetrios Nicolaides)، وزیر تعلیم

کیریئرسے متعلق تعلیم، مخصوص مہارتوں (ٹریڈز)، کمپیوٹر پروگرامنگ، صحت کی دیکھ بھال، زراعت، کھانا پکانے کے فنون اور ایسے مزید شعبوں میں براہ راست شمولیت (ہینڈز آن) تجربے کے ساتھ، طلباء کو گریجویشن کی طرف کریڈٹ حاصل کرنے میں مدد کرتی ہے۔ یہ کیریئر سے متعلق تعلیمی پروگرامز طلباء کووہ ہُنر سیکھنے میں مدد دے کر، جن کی انہیں زیادہ طلب والی ملازمتیں حاصل کرنے کے لیے ضرورت ہے، ایک مضبوط معیشت کی حمایت کرتے ہیں۔

کالیجیٹ اسکولز

کالیجیٹ اسکولز، کاروباری اداروں، یونیورسیٹیز اور کالجز کے ساتھ مل کر ایسی کلاسیں پیش کرتے ہیں جو طلباء کو ان کی پسند کے کام میں تعلیم اور راستے فراہم کرتی ہیں۔ البرٹا میں 12 کالیجیٹ اسکولز ہیں، جو 7 سے 11 گریڈز کے لیے بہت سے مختلف قسم کے پروگرامنگ پیش کرتے ہیں، بشمول ہوا بازی، گرافک ڈیزائن، مخصوص مہارت (ٹریڈز) اور مزید کچھ ۔ منظور ہونے پر، بجٹ 2025 اسکول بورڈز کو، کارپنٹری کے ورکشاپس، فلم اور میڈیا کے کمرے، سائنس لیباریٹریز، بھاری سازوسامان کے سائمولیٹرز (ہیوی ایکوئپمنٹ

سائمولیٹرز) اور ہوائی جہاز کے ہینگرز جیسے مخصوص کلاس رومز کی فنڈنگ میں مدد کے لیے 21 ملین ڈالر سے زیادہ فراہم کرے گا۔ نئے کالیجیٹ اسکولوں کے آغاز کے اخراجات کو پورا کرنے کے لیے مزید 6 ملین ڈالرکی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے۔

دوہری کریڈٹ پروگرامز

بجٹ 2025، اگر منظور ہو جاتا ہے، تو 2025/26 میں نئے پروگرامز شروع کرنے یا موجودہ دوہری کریڈٹ پروگرامز کو بہتر بنانے کے لیے 4.6 ملین ڈالر بھی فراہم کرتا ہے۔ یونیورسیٹیز اور کالجز کے ساتھ شراکت داری میں، دوہری کریڈٹ پروگرامز طلباء کو ایک ہی وقت میں ہائی اسکول اور پوسٹ سیکنڈری کریڈٹس حاصل کرنے کی اجازت دے کر فائدہ مند کیریئرز کے آغاز کا موقع دیتے ہیں۔ 4.6 ملین ڈالر میں سے 550،000 ڈالرالبرٹا سینیئرز، کمیونٹی اینڈ سوشل سروسزکے ذریعے، نئے اور بہتر دوہری کریڈٹ ہیلتھ کیئرمعاون پروگراموں کے لیے فراہم کیے جا رہے ہیں۔

"صحت کی دیکھ بھال کے معاونین اس بات کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں کہ البرٹنز کو اپنی صحت، آزادی اور معیار زندگی کو برقرار رکھنے کے لیے جن خدمات کی ضرورت ہے، وہ انہیں مسلسل حاصل ہوتی رہے۔ صحت کی دیکھ بھال کے معاونین کے لیے کیریئر کے راستوں میں ہماری سرمایہ کاری البرٹا کے نوجوانوں کو البرٹا کی مسلسل دیکھ بھال کرنے والی انفرادی قوت میں ایک فائدہ مند کیریئر بنانے کے لیے درکار مہارتوں کو تیار کرنے کے مواقع فراہم کرے گی۔"

جیسن نکسن، منسٹر آف سینیئرز، کمیونٹی اینڈ سوشل سروسز

CAREERS کے ذریعے کیمپس کے باہر کیریئر کی تعلیم کے پروگراموں میں حصہ لینے والے طلباء کی مدد کے لیے مزید 1.4 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے۔ یہ غیر منعفتی ادارہ طلباء کو زیادہ طلب والے شعبوں میں ملازمت سے جوڑتا ہے جیسے مخصوص مہارتیں (ٹریڈز)، ٹیکنالوجی، صحت، جنگلات اور زراعت۔

بجٹ 2025 تعلیم اور صحت میں مسلسل سرمایہ کاری، خاندانوں کے لیے کم تر ٹیکس اور معیشت پر توجہ کے ساتھ البرٹا کی کمیونٹیز کو درپیش چیلنج سے نمٹ رہا ہے۔

فوری حقائق

- اگر منظور ہو جاتا ہے، تو بجٹ 2025 تین سالوں کے دورانیے میں 102.4 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کرتا ہے، تاکہ پائیدار، پیشن گوئی کیریئر سے متعلق تعلیم کی فنڈنگ فراہم کی جا سکے، اور البرٹا کے طلباء کے لیے کیریئر کی تعلیم تک رسائی میں اضافہ کیا جا سکے۔
    - اس میں 27-2026 اور28-2027 کے دورانیے میں 8.4 ملین ڈالر شامل ہیں تاکہ البرٹا کے طلباء کے لیے کیریئر ایجوکیشن پروگرامز اور راستوں کے بارے میں البرٹا کے طلباء اور خاندانوں میں آگاہی پیدا کی جا سکے۔

- البرٹا میں کیریئرکی تعلیم میں کیریئر اور ٹیکنالوجی کی کورسز، کیریئر اینڈ لائف مینیجمنٹ (CALM)، دوہری کریڈٹ کورسز، کالیجیٹ اسکولز، اپرنٹس شپ اور آف کیمپس ایجوکیشن پروگرامنگ شامل ہیں۔
- 2013 سے، ہائی اسکول کے 95،000 سے زیادہ طلباء نے کم از کم ایک دوہری کریڈٹ کورس میں حصہ لیا۔
- 2025 کے موسم بہار میں، طلباء کے لیے کیریئر کے مزید مواقع فراہم کرنے کے بہترین طریقوں پر، البرٹا ایجوکیشن تعلیمی شراکت داروں کے ساتھ مشتمل طور پر کام کرے گی۔
  - 2022 سے تعلیمی شراکت داروں اورتقریباً 5،000 البرٹنز نے کیریئر کی تعلیم اور انفرادی قوت کی ضروریات سے متعلق اپنی رائے (فیڈ بیک) فراہم کی ہے۔

متعلقہ معلومات

- دوہری کریڈٹ - اسکول کے حکام کے لیے اسٹارت اپ کریڈٹ
- دوہری کریڈٹ - اسکول کے حکام کے لیے توسیع سے متعلق فنڈنگ
- دوہری کریڈٹ کے جائزے کی ایڈوائزری گروپ
- کالیجیٹ اسکولز

متعلقہ خبریں

- کیریئر کی تعلیم طلباء کے مستقبل کو با اختیاربناتی ہے (20 نومبر، 2024)
- طلباء کو البرٹا کی جاب مارکیٹ میں ایک آغاز فراہم کرنا (5 جون، 2024)
- جرمنی کی کیریئر ایجوکیشن ماڈل کو دریافت کرنا (6 جون، 2024)

ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں

میڈیا کے استفسارات

گیرٹ کوہلر (Garrett Koehler)

780-427-5010
پریس سیکرٹری، ایجوکیشن